نمبری 16394 /اے۔ڈی(جی) | اشد ضروری
ڈائریکٹوریٹ آف پبلک انسٹرکشن (سیکنڈری) | انتہائی اہم
پنجاب، لاہور | برائے وسیع مشتہری

21 نومبر 2011

بخدمت جملہ
1۔ ایگزیکٹیو ڈسٹرکٹ آفیسرز (ایجوکیشن)۔ پنجاب
2۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکنڈری)، پنجاب
3۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ایلیمنٹری) (W/M)

عنوان:۔ **طلباء/طالبات کے تعلیمی وتفریحی ٹورز بارے منصوبہ بندی اور حکمت عملی اپنانے کے لئے ہدایات**

محکمہ سکول ایجوکیشن نے مختلف اداروں (سرکاری و پرائیویٹ) کی طرف سے طلباء/طالبات کے لئے تعلیمی /تفریحی ٹورز کے پروگرام ترتیب دینے کے لئے تعلیمی وتفریحی ٹورز کی مناسب منصوبہ بندی اور ضروری احتیاطی تدابیر وضع کی ہیں۔ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

اطلاق ہدایات

- تعلیمی وتفریحی ٹورز کی منصوبہ بندی کے لئے دی گئی ہدایات کا اطلاق پبلک و پرائیویٹ تعلیمی اداروں پر لازمی ہوگا۔
- متعلقہ ضلع کے ای۔ڈی۔او (ایجوکیشن) اپنے زیر انتظام تعلیمی اداروں کے علاوہ پرائیویٹ تعلیمی اداروں تک یہ ہدایات پہنچانے کے پابند ہونگے۔
- تمام تعلیمی ادارے تعلیمی وتفریحی ٹورز پر جانے سے قبل اسکی تحریری اطلاع معہ مکمل شیڈول پروگرام سے متعلق تمام ضروری معلومات متعلقہ ڈی۔اوز، کوفراہم کرنے کے پابند ہونگے۔

پروگرام کی منصوبہ بندی

- تعلیمی وتفریحی ٹورز پر طلباء/ طالبات کو لے جانے کے لئے ضروری منصوبہ بندی کی جائیگی۔ جس میں درج ذیل باتوں کو خصوصی طور پر دیکھا جایگا۔
- تعلیمی وتفریحی ٹورز کی منصوبہ بندی شروع کرنے سے قبل پروگرام میں شمولیت کرنے والے تمام طلباء/ طالبات کے والدین سے تحریری رضامندی حاصل کرنا لازمی ہوگی۔ والدین سے ان کے PTCL موبائل فون پر اُنکی رضامندی کی کنفرمیشن کرنا اور اسے ریکارڈ میں شامل کرنا لازمی ہوگی۔
- ٹورز کے لئے مناسب جگہ کا انتخاب، موسم کی موزونیت، عمومی سیکیورٹی حالات، سیر کی جگہ کی انتظامیہ سے پیشگی رابطہ اوران کی اجازت، سیر کی جگہ پر مناسب سہولتوں کی فراہمی، سیر کی جگہ پر سکیورٹی انتظامات، روانگی اور واپسی کے لئے مناسب وقت کا تعین، طلباء/ طالبات کو موسم کی مناسبت سے سامان ساتھ لے جانیکی ہدایات، فرسٹ ایڈ کا انتظام وغیرہ کے ضمن میں جامع منصوبہ بندی کرنا لازمی ہوگا۔
- ہر 20 سٹوڈنٹ کے لئے ایک ٹیچر برائے نگرانی مقرر کیا جائے۔

ٹرانسپورٹ کے انتظامات

ٹرانسپورٹ کا انتظام کرتے وقت خصوصی احتیاط کی ضرورت ہے۔ درج ذیل نکات پر توجہ دی جائے۔

- گاڑی کی حالت بہت اچھی ہو۔ پرانی اور غیر معیاری گاڑی ہرگز نہ لی جائے۔
- گاڑی کا فٹنس سرٹیفکیٹ لازمی چیک کیا جائے۔
- گاڑی کا ڈرائیور بھی اسی روٹ پر چلنے کا تجربہ رکھتا ہو۔
- گاڑی کا ڈرائیور اچھی صحت کا حامل ہو اور نشے کا عادی نہ ہو۔
- گاڑی کا ڈرائیور لائسنس یافتہ ہو اور اسکے لائسنس کی تجدید کی گئی ہو۔
- گاڑی کے ڈرائیور کا شناختی کارڈ نمبر، رابطہ نمبر اور گھر کا ایڈریس ضرور نوٹ کیا جائے اور ریکارڈ میں رکھا جائے۔
- گاڑی پر اُتنے ہی طلبا اور دیگر عملہ سوار کرایا جائے جتنی اس کی گنجائش ہو۔ گاڑی میں Overloading ہرگز نہ کی جائے۔
- اطمینان کرلیا جائے کہ ڈرائیور مناسب آرام کے بعد تعلیمی ٹور پر روانہ ہو رہا ہے۔

- دوران سفر کوئی ذمہ دار اہل کار / طالب علم ڈرائیور پر نظر رکھے اور دیکھے کہ کہیں اس ڈرائیور کو نیند / اُونگھ تو نہیں آ رہی۔
- مناسب وقت کے بعد سفر میں وقفہ کر لیا جائے تا کہ ڈرائیور اور طلباء فریش ہو جائیں۔
- اگر ڈرائیور مقررہ حد سے زیادہ رفتار میں گاڑی چلائے تو انچارج اسے منع کرے اور گاڑی غیر محتاط انداز میں چلانے کی صورت میں بھی اسے منع کیا جائے۔
- سفر پر روانہ ہونے سے قبل انچارج بھی اطمینان کر لے کہ گاڑی کا پٹرول، ہوا اور بریکس درست ہیں۔

دوران سفر کی احتیاطی تدابیر

- تمام طلباء نے Name Tag اپنے گلے میں ڈالے ہوئے ہوں۔ جس پر نام، رابطے کا نمبر اور ایڈریس واضع درج ہو۔
- دوران سفر انچارج تمام طلباء پر نظر رکھے۔ کوئی طالب علم نظم وضبط کی خلاف ورزی نہ کرے۔
- کوئی طالب علم چلتی گاڑی میں جسم کا کوئی حصہ باہر نہ نکالے۔
- کسی بھی طالب علم کو گاڑی کی چھت یا پائیدان یا کھڑکی میں کھڑے ہونے کی ہرگز اجازت نہ دی جائے۔
- روٹ کے راستے والے قریبی ہسپتال اور تھانوں کے رابطہ نمبرز اور ایڈریس معلوم کیے جائیں اور انچارج کے پاس محفوظ ہوں تا کہ ضرورت پڑنے پر مدد حاصل کی جا سکے۔
- انچارج کے پاس سیر والے علاقے کے ڈی۔سی۔او، ڈی۔پی۔او۔ اور دیگر فوری امداد فراہم کرنے کرنے والی ایجنسیوں کے نمبرز لازمی موجود ہوں۔
- تعلیمی ٹور / تفریحی پروگرام کی اطلاع متعلقہ ضلع کے ڈی۔سی۔او اور ڈی۔پی۔او۔ کو بھی لازمی کر دی جائے اور انہیں پروگرام کی کاپی فراہم کی جائے۔

واپسی کی ہدایات

- واپسی سے قبل اطمینان کرلیا جائے کہ تمام طلباء/طالبات تعداد میں پورے ہیں۔
- دوران سفر والی ہدایت کو واپسی کے دوران بھی ذہن نشین رکھا جائے اور ان پر سختی سے عمل کیا جائے۔
- واپسی پر تمام والدین کو اطلاع کردی جائے کہ تمام طلباء/طالبات بخیر وعافیت واپس آگئے ہیں۔
- واپسی پر اپنے ڈی۔ای۔او۔ کو بھی اطلاع دی جائے۔

-----Sd --------

ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن (سیکنڈری)

پنجاب، لاہور

نقل بغرض اطلاع ومناسب کاروائی:۔

1۔ پی۔ایس، ٹو سیکریٹری سکول ایجوکیشن، حکومت پنجاب، لاہور
2۔ ایڈیشنل سیکریٹری سکولز ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، لاہور
3۔ ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن (EE) پنجاب، لاہور
4۔ ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن (کالجز)، پنجاب لاہور
5۔ ڈائریکٹر پبلک (ریلیشنز) حکومت پنجاب، لاہور
6۔ ڈپٹی سیکریٹری (کوآرڈینیشن)، چیف منسٹرز سیکریٹریٹ 5 کلب روڈ، لاہور

-----Sd --------

ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن (سیکنڈری)

پنجاب، لاہور